Southwestern Ontario Student
Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

5جون، 2023

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز
2023-2024 سال کے لیےاسکول بس رجسٹریشن – کنڈرگارٹن کےطلباء

اگلے تعلیمی سال کے لیے بس کی رجسٹریشن اب شروع ہو گئی ہے ! طلباء کے لیے بس سروس کو زیادہ مؤثر طریقے سے شیڈول کرنے کے لیے، ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو کی اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز(ایس ٹی ایس) (Southwestern Ontario Student Transportation Services (STS) **<u>کی طرف سے ان طلباء کے لیے سالانہ لازمی ٹرانسپورٹیشن رجسٹریشن کا طریقہ کار موجود ہے، جو بس سروس کے اہل ہیں (annual mandatory transportation registration process for students who are eligible for bus service)</u>**۔ اس کا اطلاق ان طلباء پر نہیں ہوتا جو اپنی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خصوصی/ قابل رسائی نقل و حمل کا استعمال کرتے ہیں۔

15جولائی سے پہلے رجسٹر کرنے کے لیے، یہاں کلک کریں: 2023-2024 بس رجسٹریشن فارم (2023-2024 Bus Registration Form)

<u>اپنے طالب علم کی شناخت (Student ID) کو جانیں:</u>
رجسٹر کرنے سے پہلے، دیکھ بھال کرنے والوں کو طالب علم کا شناختی نمبر (Student ID number) جاننا چاہیئے، جو اسکول کے دفتر سے رابطہ کرنے پر یا اسکول کے پیرنٹ پورٹل (Parent Portal) پر دستیاب ہے۔

<u>رجسٹریشن کی آخری تاریخ:</u>
نقل و حمل کی درخواستیں 15 جولائی، 2023 کو بند کر دی جائیں گی تاکہ اسکول شروع ہونے سے پہلے راستوں کو حتمی شکل دی جا سکے۔ نگہداشت کرنے والے جو 15 جولائی کے بعد بس کے لیے رجسٹر کراتے ہیں انھیں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اسکول کے آغاز کے لیے ٹرانسپورٹیشن مہیا نہ ہو سکے۔

<u>آپ کو اگلے سال بس سروس کی ضرورت نہیں ہے؟</u>
کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکول بس سروس ایک مشترکہ سواری کا ماحول ہے، جس میں ایک سے زیادہ طلباء دن کے دوران جگہ کا استعمال کرتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ کچھ دیکھ بھال کرنے والے ذاتی وجوہات کی بناء پر بس سروس استعمال نہیں کرنا چاہیں۔ اگر آپ بس سروس استعمال نہیں کر رہے ہیں، تو آپ کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے حالات بدل سکتے ہیں، اگر ایسا ہو، تو براہ کرم اُس وقت رجسٹریشن فارم پُر کریں۔

<u>ایس ٹی ایس پیرنٹ پورٹل (STS Parent Portal) :</u>
پورٹل اگست کے آخر میں ان تمام دیکھ بھال کرنے والوں کے لیےکھلتا ہے جنہوں نے اسکول بس کے لیے رجسٹر کرایا ہے۔ پورٹل پر آپ کو بس کی تفصیلات (بس کا نمبر بس اسٹاپ کے مقامات، اوقات، وغیرہ) ملیں گے۔ پیرنٹ پورٹل کوسیٹ اپ کرنے اور لاگ ان کرنے کے طریقے کی ہدایات ہماری ویب سائٹ پریہاں مل سکتی ہیں : https://www.mybigyellowbus.ca/parent-portal/

<u>کنڈرگارٹن بس کی معلومات :</u>
- ✓ رجسٹریشن فارم لازمی ہیں اور جون کے شروع میں کھلیں گے۔
- ✓ اسکول کے بس اسٹاپس اور راستوں پر ہر سال نظر ثانی کی جاتی ہے، بس کے ٹائم ٹیبل کو پیرنٹ پورٹل (Parent Portal) پر اگست کے آخر میں پوسٹ کیا جاتا ہے۔
- ✓ **کنڈرگارٹن کے طلباء کو ہر صبح بس اسٹاپ پر اپنے ایک ذمہ دار شخص کےساتھ ہونا چاہیے اور اسے بس کے دروازے پر ایک ذمہ دار شخص سے ملنا چاہیے۔**

Southwestern Ontario Student Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

- ✓ کنڈرگارٹن کے طلباء کے لیے بس کے ٹیگز(Bus Tags) اسکول کےشروع کےدنوں میں آپ کے اسکول کے مرکزی دفتر کے ذریعے ان تمام خاندانوں کے لیے بھیجے جاتے ہیں جنہوں نے اسکول شروع ہونےسے پہلے، آخری ہفتے سے پہلے رجسٹر کیا تھا۔ بس ٹیگ ڈرائیور کو بتاتا ہے کہ آپ کا طالب علم کنڈرگارٹن میں ہے اور اسے ایک ذمہ دار شخص سے ملنے کی ضرورت ہے اور اسےآپ کے طالب علم کو تفویض شدہ بس کی بنیاد پر رنگ کوڈ (Colour Code) کیا گیا ہے۔
- ✓ پہلی بار رائڈر پروگرام (Rider Program) کی معلومات اور وسائل STS کی ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہیں : https://www.mybigyellowbus.ca/bus-safety/

اکثر پوچھے گئے سوالات:

ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوالات ہوں گے؛ ہم آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں!

- اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے لیے ہمارا ہیلپ پیج (Help Page) دیکھیں۔
- ہمارے رابطہ (Contact Us) کے فارم کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں ایک پیغام بھیجیں۔
- ہماری رجسٹریشن کی ہاٹ لائن 519-649-1160 پر کال کریں۔

شکریہ،

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (Southwestern Ontario Student Transportation Services)
www.mybigyellowbus.ca